2025-03-12

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ماریشس کو بھارت اور عالمِ جنوب کے درمیان ایک اہم رابطہ قرار دیا ہے۔

آج ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں وزیراعظم اعزازی مہمان کے طور پر شرکت کرنے والے ہیں۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے منی پور کے لیے 500 کروڑ روپے کے ہنگامی فنڈ کا اعلان کیا ہے۔

3- امریکہ نے کہا ہے کہ یوکرین 30 دن کے لیے بلا تاخیر عبوری جنگ بندی کے لیے تیار ہے اور اب روس کو بھی ایسا ہی قدم اٹھانا ہے۔

4- پاکستان میں ایک ریل گاڑی کو اغوا کرنے کے واقعے میں 30 سیکیورٹی اہلکار مارے گئے ہیں، جبکہ 214 افراد اب بھی قید میں ہیں۔

5- جموں و کشمیر کے گلمرگ میں آج موسم سرما کے کھیلو انڈیا گیمس کا دوسرا مرحلہ ختم ہو رہا ہے۔

6- اور

نئی دلی میں عالمی پیرا گراں پری Athletics میں مردوں کے Discus Throw مقابلے میں بھارت نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ ساگر نے سونے کا تمغہ جیتا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Indian Diaspora

وزیراعظم نریندر مودی نے ماریشس کو بھارت اور گلوبل ساؤتھ یعنی خطہئ جنوب کے ترقی پذیر اور کم ترقیاتی یافتہ ملکوں کے درمیان ایک اہم پُل سے تعبیر کیا ہے۔ کَل رات پورٹ لوئی میں بھارت نژاد افراد سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت کے "ساگر" نظریے میں ماریشس کو اہم مقام حاصل ہے۔ 2015 میں جناب مودی نے ماریشس کے دورے کے موقع پر اِس کا اعلان کیاتھا۔

وزیراعظم نے کہا کہ ماریشس محض ایک ساجھیدار ملک نہیں بلکہ بھارت کے کنبے کا حصہ ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یہ رشتہ بہت گہرا ہے اور تاریخ، وراثت اور انسانی جذبے میں اس کی مضبوط بنیاد ہے۔

PM Modi on Close Ties 0815

جناب مودی نے ماریشس کو ترقی کے شعبے میں ہمہ جہت مدد کا یقین دلایا، جس میں نئی پارلیمنٹ کی تعمیر بھی شامل ہے۔ اِس پروگرام میں ماریشس کے وزیراعظم نوین چندر رام غلام، اُن کی اہلیہ اور کابینہ وزیروں نے بھی شرکت کی۔ جناب مودی کی تقریر میں بحرِ ہند کے خطے کو محفوظ رکھنے کی خاطر اشتراک پر مبنی کوششوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔

PM on Indian Ocean 0815

جناب مودی نے ملک کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز سے سرفراز کرنے پر ماریشس سرکار اور وہاں کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔x

PM Mauritius

وزیراعظم نریندر مودی آج ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں اعزازی مہمان کے طور پر شرکت کریں گے۔ یہ دوسرا موقع ہے کہ جب جناب مودی ماریشس کے قومی دن کے جشن میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کر رہے ہیں۔ اِس موقع پر بھارت کا مارچ کرنے والا ایک دستہ، بھارتی فضائیہ کی آکاش گنگا Skydiving ٹیم اور بھارتی بحریہ کا بحری جہاز "امپھال" پریڈ میں حصہ لے رہے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے گل پورٹ لوئی میں ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام کے ساتھ مفید بات چیت کی اور باہمی شراکت داری کو مستحکم بنانے کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات، موجودہ اشتراک اور اپنے خصوصی رشتوں کو نئی بلندی پر لے جانے کے لیے نئے طور طریقے تلاش کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔

جِن اہم معاملات پر بات چیت ہوئی، اُن میں دفاع، سیکیورٹی، اقتصادی رابطے اور ثقافتی تبادلے شامل ہیں۔

بعد میں ماریشس کے وزیراعظم کی جانب سے اپنے اعزاز میں دی گئی ضیافت کے دوران خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت - ماریشس ساجھیداری تاریخی روابط تک محدود نہیں ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور ایک روشن مستقبل کے لیے مشترکہ نظریے پر مبنی ہے۔

PM on Relation 0815

پیش ہے وزیراعظم کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C Vikalp Shukla

وزیر اعظم نریندر مودی کے ماریشس دورے کے دوسرے دن بھارت اور ماررِیشس آج مختلف شعبوں میں سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم مودی، ماریشس کے وزیر

اعظم کے ساتھ سِوِل سروس کالج اور ایریا ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کریں گے۔ ماریشس میں اِن دونوں پروجیکٹوں کو بھارت کے تعاون سے مکمل کیا گیا ہے۔

وزیر اعظم آج وطن واپسی سے پہلے گنگا تالاب کا دورہ کریں گے اور مہا کمبھ سے لایا گیا پوَتر جل چڑھائیں گے۔ گنگا تالاب، ماریشس میں ہندوؤں کا سب سے پوَتر مقام ہے۔

ماریشس سے وِکلپ شُکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## Manipur Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے ایک ہنگامی فنڈ قائم کرنے کی خاطر منی پور کے لیے 500 کروڑ روپے کے فنڈ کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے کُل لوک سبھا کو مطلع کیا کہ مرکزی سرکار منی پور کی معیشت کی تیزی کے ساتھ بحالی کے لیے بھرپور مالی امداد فراہم کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ منی پور سے متعلق اخراجات بل 2025 اور منی پور سے متعلق اخراجات کے ووٹ آن اکاؤنٹ بل 2025 پر بحث کا جواب دے رہی تھیں۔ دونوں بلوں کو زبانی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔

محترمہ سیتا رمن نے زور دے کر کہا کہ وہ کچھ اِکا دُکا واقعات کو چھوڑ کر منی پور میں امن و قانون کی مجموعی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔

انھوں نے بتایا کہ منی پور میں امدادی کیمپ چلانے کے لیے 400کروڑ روپے فراہم کیے گئے ہیں اور پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت بے گھر ہونے والے افراد کے لیے سات ہزار مکانات کی منظوری دی گئی ہے۔

منی پور میں سردست صدر راج نافذ ہے۔x

## Tilangana Assembly Session

تلنگانہ اسمبلی کا بجٹ اجلاس، آج قانون ساز کونسل اور قانون ساز اسمبلی دونوں کے مشترکہ اجلاس سے، گورنر Jishnu دیو ورما کے خطاب سے شروع ہوگا۔ اجلاس کے دوران، ریاست کی کانگریس سرکار، دوسرا سالانہ بجٹ پیش کرے گی۔

اِس کے علاوہ حکومت نے ایک بِل پیش کرنے کی بھی تجویز رکھی ہے، جس کا مقصد ریاست میں پسماندہ طبقوں کو دیے جانے والے ریزرویشن میں اضافہ کر کے اِسے 42 فیصد تک لے جانا ہے۔ امید ہے کہ یہ بجٹ ہولی کے مختصر وقفے کے بعد 19 مارچ کو پیش کیا جائے گا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## Prez Punjab Viist

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل شام موہالی میں، پنجاب سرکار کی طرف سے، اُن کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے میں شرکت کی۔

اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ گرووٗں کے آشیرواد اور تحریک سے، سرزمینِ پنجاب نے بہت سی ایسی شخصیتوں کو جنم دیا، جو اپنے مقصد کے خاطر شہید ہو گئے، یا پھر اِن لوگوں نے انقلاب پیدا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی جدوجہد آزادی کے اہم باب، اِسی سرزمین پر لکھے گئے۔

S/B President Revolutionary

مختلف میدانوں میں، پنجاب کے اہم تعاون کا ذکر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ریاست کے ترقی پسند کسانوں کو سراہا، جن کی محنت سے سبز انقلاب، کامیابی کو پہنچا اور ملک میں خوراک کی فراہمی کی یقین دہانی ہوئی۔

انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ پنجاب کے کسان اور سائنسداں، ماحول-دوست زرعی طور طریقوں کو اپنا کر، زراعت کے شعبے میں ملک کی، ایک بار پھر قیادت کریں گے۔

وزیر اعلیٰ بھگوَنت مان نے کہا کہ ہر ایک پنجابی کو، صدر جمہوریہ کے اِس دورے سے خوشی ہوئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اُن کی زندگی سے سبھی کو تحریک حاصل ہوتی ہے۔

آج صدر جمہوریہ، چنڈی گڑھ میں، پنجاب یونیورسٹی کے، تقسیم اسناد کے 72 ویں سالانہ جلسے سے خطاب کریں گی۔x

J&K Constituency Fund

جموں و کشمیر سرکار نے چناؤ حلقے کے ترقیاتی فنڈ اسکیم کے تحت اسمبلی کے ہر ممبر کے لیے تین کروڑ روپے سالانہ مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس فیصلے سے متعلقہ ارکانِ اسمبلی اپنے اپنے چناؤ حلقوں میں اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی سفارش اور اُن پر عمل در آمد کی نگرانی کر سکیں گے۔

مذکورہ فنڈ کا استعمال بنیادی ڈھانچے کی ترقی، عوامی بہبود کے پروجیکٹوں اور لازمی خدمات کے لیے کیا جائے گا۔x

J&K Ban

مرکزی حکومت نے، میر واعظ عمر فاروق کی قیادت والی، عوامی ایکشن کمیٹی AAC اور مسرور عباس انصاری کی قیادت والے 'جموں و کشمیر اتحادالمسلمین' JKIM پر 5 سال کے لیے بندش عائد کر دی ہے۔ یہ بندش غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون یو اے پی اے 1967 کے تحت عائد کی گئی ہے۔

دو الگ الگ اطلاع ناموں میں وزارتِ داخلہ نے اِن تنظیموں کے، ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا ذکر کیا ہے، جن سے بھارت کی خودمختاری، سالمیت اور سلامتی کو خطرہ درپیش ہے۔

نوٹیفکیشن کے مطابق AAC کے ارکان کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کی مدد کرنے، بھارت مخالف بیانیوں کو بڑھاوا دینے اور جموں و کشمیر میں علیحدگی پسند تحریک کے لیے رقوم فراہم کرنے کا ملزم قرار دیا ہے۔

AAC اور اِس کے لیڈروں کے خلاف بہت سے فوجداری مقدمات رجسٹر کیے گئے ہیں، جن میں بغاوت، غیر قانونی طور پر جمع ہونے، تشدد بھڑکانے اور بھارتی حکومت کے خلاف مبینہ طور پر تقریریں کرنے، انتخابات کے بائیکاٹ کو بڑھاوا دینے اور احتجاج میں شدّت لانے کے مقدمات بھی شامل ہیں۔×

Punjab NIA

پنجاب میں، موہالی میں قائم قومی جانچ ایجنسی کی خصوصی عدالت نے اگست - ستمبر 2019 کے دوران ترن تارن میں ڈرون سے دھماکہ خیز مادہ اور ہتھیار گرائے جانے کے واقعے میں ملوث ہونے کی پاداش میں 9 افراد کو سزا سنائی ہے۔

اِن ملزموں کا تعلق دہشت گرد تنظیم "خالصتان زندہ باد فورس" سے بتایا گیا ہے۔ ڈرون سے اسلحہ گرانے کی سازش جرمنی میں رہنے والے دہشت گرد گرمیت سنگھ بگّا اور پاکستان سے اپنی سرگرمیاں چلانے والے دہشت گرد رنجیت سنگھ نیتا نے رچی تھی۔ NIA نے اکتوبر 2019 میں امرتسر پولیس سے یہ کیس اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔

6 ملزموں کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے جبکہ دیگر 3 قصوروار افراد کو اس کیس میں اُن کے ملوث ہونے کی بنا پر جرمانے کے ساتھ ساتھ 10 سال کی قید بامشقت کی سزا سنائی گئی ہے۔

US Ukrain

امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ یوکرین 30 دن کی، فوری اور عبوری جنگ بندی کی اُس کی تجویز سے متفق ہو گیا ہے اور اب یہ روس پر ہے کہ وہ اِس کا مثبت جواب دے۔

امریکہ نے، یوکرین کو خفیہ معلومات اور فوجی مدد فراہم کرنے پر عائد بندش بھی ختم کر دی ہے۔

امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے سعودی عرب کی راجدھانی جدّہ میں، یوکرین افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کے بعد اِس واقعے کے بارے میں نامہ نگاروں کو بتایا۔

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ روس کے صدر ولادیمیر پُتن سے بات چیت کریں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی جناب پُتن، جنگ بندی سے متفق ہو جائیں گے۔×

Pak Train Attack

پاکستان میں علیحدگی پسندوں کی سرگرمیوں میں تیزی آگئی ہے۔ وہاں بلوچستان صوبے میں Militants نے کَل پیشاور جانے والی ایک ریل گاڑی پر حملہ کرکے تقریباً ساڑھے چار سو مسافروں کو یرغمال بنا لیا۔

بعد میں انھوں نے عام شہریوں کو چھوڑ دیا اور فوجی اہلکاروں سمیت 214 افراد کو قیدی بنا لیا۔

ایک بیان میں ایک ملی ٹینٹ علیحدگی پسند گروپ بلوچ لبریشن آرمی نے یرغمال بنائے جانے کے واقعے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ مذکورہ گروپ نے کہا ہے کہ اِس حملے میں 30 سے زیادہ فوجی اہلکار مارے گئے ہیں۔ یہ ٹرین کوئٹہ سے پیشاور جا رہی تھی کہ تبھی اِس پر حملہ کیا گیا۔

پاکستان سرکار کے ایک ترجمان نے دعویٰ کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے تقریبا 80 مسافروں کو بچا لیا ہے۔ البتہ بلوچ لبریشن آرمی گروپ نے کہا ہے کہ اُس نے یرغمال بنائے گئے عام شہریوں کو چھوڑ دیا تھا۔x

Khelo India Games

جموں و کشمیر کے بارہمولہ ضلعے میں گُلمرگ کے مقام پر 2025 کے موسمِ سرما کے کھیل مقابلوں کا دوسرا مرحلہ کل مکمل ہوا۔ پہلے مرحلے کا انعقاد لداخ میں 23 سے 27 جنوری کے درمیان کیا گیا تھا، جس کے دوران NDS اسپورٹس کامپلیکس اور Guphuk Pond میں، آئس ہاکی اور آئس اسکیٹنگ کے مقابلے منعقد کیے گئے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Tari Rather-Recorded

Para Athletics

کل نئی دلّی میں، عالمی گراں پری ایتھلیٹکس کے پہلے دن، مردوں کے Discus Throw - F11 مقابلے میں بھارت نے، زبردست کامیابی حاصل کی۔ ایتھلیٹ ساگر نے 34 اعشاریہ آٹھ-چار میٹر کی دوری پر Discus پہنچا کر سونے کا تمغہ جیتا۔ بالاجی راجیندرن نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ جَنک سنگھ ہرسانا نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

بھارت کا دبدبہ، مردوں کے ہائی جَمپ ٹی-سینتالیس مقابلے میں بھی برقرار رہا۔ اُس نے سبھی تینوں تمغے حاصل کیے۔

رامپال نے ایک اعشاریہ آٹھ-تین میٹر کی ہائی جَمپ میں سونے کا تمغہ، چندریش مُلجی بھائی نے چاندی اور بنٹی نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

مردوں کے 100 میٹر دوڑ کے ٹی-چوالیس زمرے میں بھی بھارت نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مِت بھارتبھا پٹیل نے 12 اعشاریہ چھ-سات سیکنڈس میں دوڑ پوری کر کے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت کی، کِرن شری رام میتکر نے خواتین کے 100 میٹر دوڑ کے ٹی-چوّن زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔x

Badminton

آل انگلینڈ بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں، سرکردہ کھلاڑی لکشیہ سین، دوسرے مرحلے میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے کل برمنگھم میں پہلے راؤنڈ میں، چینی تائپے کے Su-Li-Yang کو، تیرہ-اکیس، اکیس-سترہ، اکیس-پندرہ سے شکست دی۔

اِسی دوران اولمپک میں دو بار تمغہ جیتنے والی پی-وی سِندھو، خواتین کے سنگلز میں، بھارتی مہم کی قیادت کریں گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق آج سہ پہر ساڑھے چار بجے شروع ہوگا۔x

Mandaviya Kabaddi

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے، بھارتی خواتین کی کبڈّی ٹیم کو، چھٹی ایشیائی کبڈّی چیمپئن شپ کے خطاب کے، اُس کے کامیاب دفاع پر مبارکباد دی ہے۔ وزیر موصوف نے ٹیم کے لیے 67 لاکھ 50 ہزار روپے کے نقد انعام کا اعلان بھی کیا ہے۔

ڈاکٹر مانڈویا نے مبارکباد کے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حکومت، مردوں کی لیگ کی طرز پر، خواتین کی بھی ایک کبڈّی لیگ کا آغاز کرے گی، تاکہ اُنہیں مزید موقعے فراہم ہوں۔ یہ چیمپئن شپ ایران کی راجدھانی تہران میں 6 سے 8 مارچ تک منعقد کی گئی تھی، جس میں بھارتی ٹیم نے، ایران کو فائنل میچ میں شکست دے کر اپنے خطاب کا دفاع کیا تھا۔×

PM s

وزیراعظم

PM s

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ...... ضمیر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ماریشس میں پُر تپاک خیر مقدم کی خبر کو صفحہ اوّل کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ وزیر اعظم کو ماریشس کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازا گیا۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اِس بیان کو صفحہئ اوّل پر جگہ دی ہے، کہ دہشت گردانہ سرگرمیوں کی وجہ سے ملک کا شمال مشرقی خطّہ ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ گیا تھا۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ شمال مشرقی خطّے میں پوری دنیا کے سیاحوں کو اپنی جانب راغب کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے، پردھان منتری سُوریہ گھر بجلی اسکیم سے ہر خاندان کو 25 برس

کے دوران 15 لاکھ روپے کا فائدہ ہوگا۔ اخبار نے لکھا ہے کہ PM سُوریہ گھر بجلی اسکیم کا مقصد ملک میں شمسی توانائی کو فروغ دینے اور کاربن اخراج کا مکمل طور پر خاتمہ کرنا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے پاکستان میں ایک ٹرین پر دہشت گردانہ حملے اور بعد میں مسافروں کو یرغمال بنا لینے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق جعفر ایکسپریس، کوئٹہ سے پشاور جا رہی تھی۔ حملے میں 20 فوجیوں کی ہلاکت کی خبر ہے۔

روزنامہ ملاپ نے خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ، WPL میں ممبئی انڈینس کی جانب سے گجرات جائنٹس کو 9 رن سے شکست دینے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

یہ ممبئی کی گجرات کے خلاف لگاتار چھٹی جیت ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ماریشس کو بھارت اور عالمِ جنوب کے درمیان ایک اہم رابطہ قرار دیا ہے۔

آج ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں وزیراعظم اعزازی مہمان کے طور پر شرکت کرنے والے ہیں۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے منی پور کے لیے 500 کروڑ روپے کے ہنگامی فنڈ کا اعلان کیا ہے۔

3- امریکہ نے کہا ہے کہ یوکرین 30 دن کے لیے بلا تاخیر عبوری جنگ بندی کے لیے تیار ہے اور اب روس کو بھی ایسا ہی قدم اٹھانا ہے۔

4- پاکستان میں ایک ریل گاڑی کو اغوا کرنے کے واقعے میں 30 سیکیورٹی اہلکار مارے گئے ہیں، جبکہ 214 افراد اب بھی قید میں ہیں۔

5- جموں و کشمیر کے گلمرگ میں آج موسم سرما کے کھیلو انڈیا گیمس کا دوسرا مرحلہ ختم ہو رہا ہے۔

6- اور

نئی دلی میں عالمی پیرا گراں پری Athletics میں مردوں کے Discus Throw مقابلے میں بھارت نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ ساگر نے سونے کا تمغہ جیتا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔